بانی: ڈاکٹر اسرار احمد

نگران: حافظ عاکف سعید

Quran academy

# PROSPECTUS

# سترہواں قرآن فہمی کورس

# 17th QURANIC LEARNING COURSE 2010-11

## قرآن اکیڈمی

## انجمن خدّام القرآن سندھ کراچی

www.QuranAcademy.com

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۞

"ہم نے اِس قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا ہے تا کہ تم سمجھ سکو"۔

(سورۃ یوسف آیت 2)

خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَ عَلَّمَهٗ

"تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں"۔

(بخاری)

مَنْ جَآءَهُ الْمَوْتُ وَ هُوَ يَطْلُبُ الْعِلْمَ لِيُحْيِيَ بِهِ الْاِسْلَامَ

فَبَيْنَهٗ وَ بَيْنَ النَّبِيِّيْنَ دَرَجَةٌ وَّاحِدَةٌ فِي الْجَنَّةِ

"جس کو موت آئی اِس حال میں کہ وہ علم حاصل کر رہا تھا تا کہ اُس کے ذریعہ اسلام کو زندہ کرے تو اُس کے اور انبیاء کے درمیان جنت میں ایک درجہ کا فرق ہو گا"۔

(الدارمی، الطبرانی)

# فہرستِ مضامین


1. تعارفِ انجمن خدّ ام القرآن سندھ کراچی (قرآن اکیڈمی)............3

2. تعارفِ قرآن فہمی کورس ........................................5

3. اکیڈمک سیکشن..............................................7

4. اکیڈمک اسٹاف ..............................................8

5. قرآن فہمی کورس کا نصاب...................................10

6. قواعد و ضوابط ..............................................14

7. فیس .........................................................15

8. مقامات .....................................................15

# تعارفِ انجمن خدّام القرآن سندھ کراچی (قرآن اکیڈمی)

ہر باشعور اور درد مند مسلمان یہ سوچنے پر مجبور ہے کہ مسلمانوں کے موجودہ زوال، انتشار، انحطاط اور زبوں حالی کی کیا وجہ ہے؟ اور اس پستی سے نکلنے کا کیا طریقہ ہے؟ اُمت کے کئی خیر خواہوں نے مسلمانوں کی موجودہ پستی کے اسباب بیان کیے ہیں۔ اِن میں سے جس سبب پر قرآنِ حکیم، احادیثِ مبارکہ، اقوالِ صحابہ کرامؓ، اور سلفِ صالحینؒ سے لے کر دورِ حاضر کے علمائے حق کی آراء اور مفکرینِ اسلام کا تجزیہ متفق نظر آتا ہے وہ یہ ہے کہ:

"مسلمانوں کا عروج وزوال قرآنِ مجید سے قربت یا اُس سے دوری پر منحصر ہے اور مسلمانوں کو موجودہ افسوس ناک صورتِ حال سے نکلنے کے لیے قرآنِ حکیم سے اپنے تعلق کو زندہ اور مضبوط کرنا ہو گا"۔

محترم ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ بفضلہٖ تعالیٰ ایک طویل عرصہ تک تحریر و تقریر کے ذریعہ اُمت کو اس کی زبوں حالی کے اصل سبب یعنی قرآنِ حکیم سے دوری سے آگاہ فرماتے رہے اور اصلاحِ احوال کے لیے قرآن مجید کے حقوق کی ادائیگی پر زور دیتے رہے۔ 1972ء میں موصوف نے اِسی مقصد کے لیے ایک ادارہ "مرکزی انجمن خدّام القرآن لاہور" کے نام سے قائم کیا جس کے حسبِ ذیل اغراض و مقاصد طے کیے گئے:

☆ عربی زبان کی تعلیم و ترویج
☆ قرآن مجید کے مطالعہ کی عام ترغیب و تشویق
☆ علومِ قرآنی کی عمومی نشرو اشاعت
☆ ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت جو تعلّم و تعلیمِ قرآن کو مقصدِ زندگی بنالیں اور
☆ ایک ایسی قرآن اکیڈمی کا قیام جو قرآنِ حکیم کے فلسفہ و حکمت کو وقت کی اعلیٰ ترین سطح پر پیش کر سکے۔

مندرجہ بالا اغراض و مقاصد کے حصول کے لیے مرکزی انجمن خدّام القرآن لاہور کی اندرون و بیرونِ ملک کئی شاخوں کا قیام عمل میں آیا۔ اِن ہی میں سے اوّلین شاخ ہے **"انجمن خدّام القرآن سندھ کراچی"**۔

انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کا قیام 1986ء میں عمل میں آیا۔ اِس انجمن کے تحت 1991ء میں قرآن اکیڈمی کراچی قائم ہوئی اور اِسی سال اکیڈمی میں تعلیمی وتدریسی سرگرمیوں کا آغاز ہوگیا۔ اب تک اس اکیڈمی میں قرآن فہمی کے سولہ (16) کورسز منعقد ہوچکے ہیں۔ بحمد اللہ 1995ء میں کورنگی کے علاقے میں قرآن اکیڈمی کا قیام عمل میں آیا۔ یہاں تسلسل کے ساتھ خواتین کے لیے قرآن فہمی کا کورس جاری ہے۔ نومبر 2008ء سے اس مرکز میں "The Hope Islamic School" کے نام سے نرسری تا میٹرک اسکول کا آغاز کردیا گیا۔ منصوبہ ہے کہ اس اسکول میں جدید علوم کے ساتھ ساتھ طلباء وطالبات کو عربی گرامر، بنیادی دینی تعلیمات اور قرآن حکیم کا مکمل ترجمہ بھی پڑھایا جائے گا۔ بعد ازاں بحمد اللہ 2005ء میں انجمن کے تحت قرآن اکیڈمی یاسین آباد اور 2006ء میں گلستان جوہر مرکز کا قیام عمل میں آیا اور فوری طور پر دونوں مقامات پر بھی قرآن فہمی کورس اور دیگر تعلیمی وتدریسی سرگرمیوں کا آغاز ہوگیا۔ 2007ء میں لانڈھی کے علاقے میں قرآن مرکز کی تعمیر مکمل ہوئی اور یہاں بھی قرآنی تعلیمات کی تبلیغ کا آغاز ہوگیا۔ ان بڑے مراکز کے علاوہ شاہ فیصل کالونی، گلزار ہجری، ڈیفنس فیز 2 اور کراچی ایڈمن سوسائٹی میں بھی چھوٹے مراکز قائم ہیں۔ ان تمام مراکز میں مختلف دورانیہ کی عربی گرامر کلاسز کا انعقاد بھی صبح اور شام کے اوقات میں باقاعدگی سے جاری ہے۔ ہر سال موسم گرما کی تعطیلات میں طلباء وطالبات کے لیے دینی وتربیتی سمر کورسز منعقد کیے جاتے ہیں۔ دروس وترجمۂ قرآن کی ہفتہ وار محافل کا سلسلہ بھی بحمد اللہ قائم ہے۔ شہر کراچی میں کئی مقامات پر رمضان المبارک کے دوران نمازِ تراویح کے ساتھ ترجمۂ قرآنِ حکیم کی محافل منعقد کی جاتی ہیں۔ سود کی حرمت، چہرے کا پردہ، خواتین کی عظمت، خلاصۂ مضامینِ قرآن، اہم دینی موضوعات، قواعدِ تجوید اور چند دیگر موضوعات پر تصانیف بھی مرتب کی گئی ہیں۔ عربی گرامر اور قواعد تجوید کی تدریس کے لیے ویڈیو کیسٹس، DVDs اور VCDs بھی تیار کی گئی ہیں۔ قرآن اکیڈمی مدرسۃ البنات کے تحت خواتین کے لیے علیحدہ سے خواتین معلمات کے زیر نگرانی ڈیڑھ سالہ قرآن فہمی کورس، ناظرہ

قرآن کی تعلیم ، عربی گرامر کی تدریس ، ترجمۂ قرآنِ حکیم کی کلاس، سیرۃ النبی ﷺ کی تدریس اور ماہانہ درسِ قرآن کے سلاسل قائم ہیں۔

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۞ (سورۃ الجمعہ:4)

ایں سعادت بزورِ بازو نیست تانہ بخشد، خدائے بخشندہ

# تعارفِ قرآن فہمی کورس

موجودہ دور میں ہم مسلمانوں کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ جو لوگ جدید تعلیم حاصل کرتے ہیں اور اپنی زندگی کے کئی قیمتی سال اسکولوں اور کالجوں کی نذر کر دیتے ہیں وہ بالعموم دینی تعلیم سے بالکل ناواقف ہوتے ہیں۔ اِسی طرح معاشرے کے وہ افراد جو دینی تعلیم کے حصول کے لیے ابتداء ہی سے دینی مدارس کارخ کرتے ہیں وہ اکثر و بیشتر دنیوی تعلیم کے میدان میں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرے کا اصل بہاؤ جدید تعلیم ہی کی جانب ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں کی ایک عظیم اکثریت گریجویشن اور ماسٹرز کی سطح تک تعلیم حاصل کرنے کے باوجود دینی تعلیم سے قطعی ناواقف ہوتی ہے بلکہ اِن میں سے اکثر قرآنِ حکیم کو سمجھنا تو درکنار اِسے ناظرہ پڑھنے کی صلاحیت سے بھی عاری ہوتے ہیں۔ گویا دینی لحاظ سے ایسے لوگوں کو پڑھے لکھے اَن پڑھ قرار دیا جائے تو غلط نہ ہو گا۔

بحیثیت مسلمان ہماری ایک نہایت اہم ذمہ داری ہے کہ دین کا بنیادی علم حاصل کریں اور بالخصوص قرآنِ حکیم کو جو سرچشمۂ ہدایت ہی نہیں منبعِ ایمان ویقین بھی ہے سمجھ کر پڑھیں، ایمانی قوت حاصل کریں اور اس سے ہدایت و نصیحت اخذ کریں تاکہ عملی زندگی کو اِس کے مطابق استوار کیا جاسکے۔ یہ چیز اگرچہ ہر مسلمان کے لیے لازم و واجب ہے لیکن اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے جدید تعلیم کے حصول میں برسہا برس صرف کیے ہوں ، لزوم کا درجہ رکھتی ہے۔ اگر یہ لوگ علمِ قرآنی کے حصول سے غفلت کا مظاہرہ کرتے ہیں تو روزِ قیامت اللہ

کے سامنے کیا عذر پیش کریں گے کہ جدید علوم حاصل کرنے کے لیے تو کئی سال اور کتنا سرمایہ صرف کیا لیکن علمِ قرآن کے حصول سے محروم رہے۔

قرآنِ حکیم سے استفادہ کے لیے عربی زبان کو اِس حد تک سیکھنا کہ قرآنِ حکیم پڑھتے ہوئے کسی ترجمہ کی مدد کے بغیر براہِ راست مفہوم سمجھ میں آتا جائے ناگزیر ہے۔ اِسی طرح حدیث نبوی ﷺ کے مطالعہ کے لیے جو درحقیقت قرآنِ حکیم ہی کی شرح اور حکمت واحکام دین کا ایک عظیم خزانہ ہے عربی زبان سیکھنا بے حد ضروری ہے۔

قرآن فہمی کورس کا مقصد یہی ہے کہ ایسے حضرات وخواتین کو جو جدید تعلیم حاصل کر چکے ہوں عربی زبان کے بنیادی قواعد اور اُن بنیادی دینی علوم سے آراستہ کر دیا جائے جو قرآنِ حکیم کو سمجھ کر پڑھنے، سمجھنے اور فہمِ دین کے حصول کے لیے ضروری ہیں۔ اِس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ قرآن فہمی کے ذریعہ 10 ماہ میں شرکاء کو:

1. اتنی عربی پڑھادی جائے کہ عربی زبان کی گرامر کے بنیادی قواعد پر اُنہیں کسی حد تک عبور حاصل ہوجائے تاکہ پھر کچھ اضافی محنت اور وقت لگا کر وہ یہ استعداد حاصل کرلیں کہ قرآنِ حکیم کی تلاوت کرتے ہوئے اِس کا مفہوم بھی اُنہیں ساتھ ساتھ سمجھ میں آتا چلا جائے اور قرآنِ حکیم سے ہدایت ونصیحت اخذ کرنے کے لیے اُنہیں ترجمہ دیکھنے کی ضرورت محسوس نہ ہو۔
2. تجوید کے بنیادی قواعد سکھا کر اتنی مشق کرادی جائے کہ وہ قرآنِ حکیم کی صحیح طور پر تلاوت کر سکیں۔
3. قرآنِ حکیم کے منتخب مقامات کے مطالعہ اور تدریس کے ذریعے دین کا صحیح اور جامع تصور واضح انداز میں پیش کیا جائے تاکہ یہ بات واضح ہو جائے کہ ہمارا دین کیا ہے؟ وہ ہم سے کیا چاہتا ہے؟ مزید یہ کہ دینی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کی عملی صورت کیا ہو سکتی ہے؟

4. علمِ حدیث سے متعلق بنیادی تفصیلات سے روشناس کرادیاجائے اور چند منتخب احادیث کا مطالعہ کرا دیا جائے کیونکہ احادیثِ مبارکہ ہی سے احکاماتِ قرآنی کی مستند تشریح اور عملی تفصیلات فراہم ہوتی ہیں۔
5. اس قابل بنانے کی کوشش کی جائے کہ وہ قرآنِ حکیم کے پیغام کواور رجوع الی القرآن کی دعوت کو دوسروں تک پہنچا سکیں اور نبی اکرم ﷺ کے فرمان "خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ"(بخاری) "تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں" کے مطابق وہ تعلّم و تعلیمِ قرآن کے مشن کو آگے بڑھانے کی سعادت حاصل کر سکیں۔

# اکیڈمک سیکشن

بفضلہ تعالیٰ محترم ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ کی قرآن حکیم کی خدمت کے لیے ایک طویل عرصہ کی انتھک محنت کے ثمرات سامنے آرہے ہیں۔ الحمد للہ! اب نہ صرف پاکستان میں بلکہ مختلف ممالک میں ڈاکٹر صاحبؒ کے شاگرد درس و تدریس کے مشن میں اُن کے ساتھ شامل ہیں اور نورِ قرآن کو عام کررہے ہیں۔ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کا اکیڈمک سیکشن بھی اِسی طرح کے باصلاحیت جدید تعلیم یافتہ افراد پر مشتمل ہے۔ اِس سیکشن کی سرگرمیاں حسبِ ذیل امور کے لیے جاری وساری ہیں:

1. ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت اور رہنمائی جو قرآن حکیم کی دعوت سے متاثر ہو کر اپنی زندگیوں کو اِس کے سیکھنے سکھانے کے لیے وقف کر دیں۔
2. قرآن فہمی کورسز اور عربی گرامر کی تدریس کے لیے اساتذہ کی تربیت کا اہتمام۔
3. قرآن فہمی کورسز کے لیے عام فہم تدریسی مواد کی تیاری۔
4. اہم دینی وملی مسائل سے متعلق موضوعات پر مضامین، خطابات اور Presentations کی تیاری۔
5. اسلام دشمن یا نام نہاد روشن خیال دانشوروں کی طرف سے اٹھائے گئے فتنوں کے جوابات دینے کے لیے مضامین وخطابات کی تیاری۔

6. گرمیوں کی چھٹیوں میں بچوں اور بچیوں کے لیے سمر کورسز کا اہتمام تاکہ مستقبل میں یہ بچے دینِ اسلام کے سچے خادم بن سکیں۔
7. حلقہ ہائے دروسِ قرآنی کے لیے مدرّسین کی تیاری اور اُن کی تربیت۔
8. رمضان المبارک میں دورۂ ترجمۂ قرآن کرنے والے مدرّسین کی رہنمائی کے لیے اہم نکات کی تیاری۔

## اکیڈمک اسٹاف

1. حافظ انجینئر نوید احمد — ریکٹر قرآن اکیڈمی
   - قرآن فہمی کورس
   - B.E. (Mechanical)
   - M.A. (Islamic Studies)
   - M.A. (Arabic)
2. شجاع الدین شیخ — ڈائریکٹر اکیڈمکس
   - قرآن فہمی کورس
   - C.A. (Foundation)
   - M.A. (Islamic Studies)
3. ڈاکٹر محمد الیاس — ڈپٹی ڈائریکٹر اکیڈمکس (گلستانِ جوہر)
   - قرآن فہمی کورس
   - M.B.B.S.
   - M.A. (Islamic Studies)
   - M.A. (Islamic History)
   - M. Phil in Islamic Learning (contd.)
4. انجینئر نعمان اختر — ڈپٹی ڈائریکٹر اکیڈمکس (ڈیفنس)
   - قرآن فہمی کورس
   - B.E. (Mechanical)
   - M.A. (Islamic Studies)

5. محمد سلیم الدین — ڈپٹی ڈائریکٹر اکیڈمکس (یاسین آباد)
- قرآن فہمی کورس
- B.Com.
- M.A. (Islamic Studies)

6. اویس پاشا قرنی — معلّم
- قرآن فہمی کورس (حصّہ دوم)
- M.A. (Islamic Studies)
- M.Phil in Islamic Learning (contd.)
- دورۂ تفسیر

7. محمد نعمان — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- BS (Computer Science)
- MS in Computer Science (contd.)

8. عاطف محمود — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- M.A. (Islamic Studies)

9. عثمان علی — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- B.E. (Computer Science)

10. فاروق احمد — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- B.Com.
- M.A. (Islamic Studies)

11. انعام اللہ چیمہ — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- Masters (Civil Engg.)
- Federal Degree (Architechture)

12. نعمان گل — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- حافظِ قرآن
- B.Com.

13. قاری محمد یوسف — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- حافظِ قرآن
- فاضل وفاق المدارس

14. کیپٹن نصیر فاروقی — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- B.E.(Mechanical )

15. ڈاکٹر سعد اللہ — معلّم
- قرآن فہمی کورس
- تین سالہ درّاسات کورس
- M.B.B.S.

# قرآن فہمی کورس کا نصاب

★ **علمِ تجوید کے بنیادی قواعد و حفظِ قرآن:**

صحیح مخارج، تلفظ اور ادائیگی کے ساتھ تلاوتِ قرآنِ حکیم کی استعداد پیدا کرنے کے لیے علمِ تجوید کے بنیادی قواعد کی تعلیم دی جاتی ہے۔ مزید بر آں اِن قواعد کی مناسب حد تک مشق بھی کرادی جاتی ہے۔

➢ **نصاب:**

- علم التجوید کے قواعد
- قواعد کا اطلاق (Application)

➢ **حوالہ جات:**

1. "قواعدِ تجوید" کے عنوان سے کتاب
2. الصخر کمپیوٹر CD
3. "قواعدِ تجوید" کے موضوع پر DVD (معلّم: قاری سلمان صاحب)

★ **آسان عربی گرامر:**

عربی گرامر کے قواعد کی اس حد تک تعلیم دی جاتی ہے کہ قرآنِ حکیم کے مفہوم کو براہِ راست سمجھا جاسکے۔

➢ **نصاب:**

- آسان عربی گرامر حصّہ اوّل تا حصّہ چہارم (مرتب: لطف الرحمٰن خان)

➢ **حوالہ جات:**

1. آسان عربی گرامر ویڈیو کیسٹس / VCDs / DVDs

★ **مطالعۂ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب:**

سورۃ العصر اور اِس کی تشریح پر مشتمل قرآنِ حکیم کے منتخب مقامات کا تفصیلی مطالعہ کرایا جاتا ہے تاکہ دین اسلام کا جامع تصور اور ایک مسلمان پر دینِ اسلام کے تقاضے اچھی طرح سے واضح کیے جاسکیں۔

➢ **نصاب:**

- حصّہ اوّل: سورۃ العصر اور اُس کی تشریح پر مشتمل مقاماتِ قرآنی
- حصّہ دوم: ایمان کی جملہ تفاصیل پر مشتمل مقاماتِ قرآنی
- حصّہ سوم: عمل صالح کی جملہ تفاصیل پر مشتمل مقاماتِ قرآنی
- حصّہ چہارم: جہاد فی سبیل اللہ کی جملہ تفاصیل پر مشتمل مقاماتِ قرآنی
- حصّہ پنجم: صبر و مصابرت کے بیان پر مشتمل مقاماتِ قرآنی
- حصّہ ششم: فرائض دینی کا جامع تصور سورۃ الحدید کی روشنی میں

➢ **حوالہ جات:**

1. کتاب بعنوان "منتخب نصاب"
2. نکات برائے درس و تدریس (حصہ اول تا ششم)
3. الہدٰی سیریز کی کمپیوٹر CD (ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ)

★ **ترجمۂ قرآنِ حکیم:**

عربی گرامر کے قواعد کے اطلاق کے ساتھ قرآنِ حکیم کی منتخب سورتوں کا ترجمہ کرایا جاتا ہے تاکہ شرکاء میں قرآنِ حکیم کو براہِ راست سمجھنے کی استعداد پیدا ہو سکے۔

➢ **نصاب:**

- بنیادی عربی گرامر قواعد
- قواعد کا اطلاق (قرآن کے ذریعہ)
- کتاب بعنوان "عربی گرامر برائے قرآن فہمی"

➢ **حوالہ جات:**

1. QTV - VCDs

★ **دورۂ ترجمۂ قرآن:**

اس مضمون میں قرآنِ حکیم کی آیات کا ترجمہ، باہمی ربط، پس منظر اور مختصر تشریح بیان کی جاتی ہے تاکہ شرکاء تک قرآنِ حکیم کا انقلابی پیغام پہنچایا جائے اور پھر وہ بھی قرآنِ حکیم کے داعی بن کر نورِ قرآن کو عام کرنے کی صلاحیت حاصل کر سکیں۔

➢ **نصاب:**

- سورۃ الفاتحہ تا سورۃ المائدۃ
- سورۃ ق تا سورۃ الناس

➢ **حوالہ جات:**

1. بیان القرآن کیسٹس /CDs/VCDs

★ **مطالعۂ حدیث:**

اس مضمون میں "حدیث کی اہمیت و حجیت" کے موضوع پر لیکچرز دیے جاتے ہیں اور موجودہ دور میں حدیث کے حوالے سے جو اعتراضات اٹھائے جاتے ہیں، اُن کے جوابات کی طرف شرکاء کی رہنمائی کی جاتی ہے۔ اِس کے ساتھ ساتھ "اربعینِ نووی" کا مطالعہ کرایا جاتا ہے جس سے شرکاء کے ایمان و عمل کو جلا حاصل ہوتی ہے۔

➢ **نصاب:**

- حجیت حدیث کے دلائل
- اربعین نووی (امام یحییٰ بن شرف الدین النووی رحمۃ اللہ علیہ)

➢ **حوالہ جات:**

1. سنت کی آئینی حیثیت (مولانا ابو الاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ)
2. شرح اربعین نووی (امام یحییٰ بن شرف الدین النووی رحمۃ اللہ علیہ)
3. حجیتِ حدیث (مفتی تقی عثمانی حفظہ اللہ)
4. قرآن و سنت کا باہمی تعلق (آڈیو کیسٹ ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ)

★ **مطالعۂ سیرۃ النبی ﷺ:**

سنتِ رسول ﷺ کو اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی میں عملی طور پر اپنانے کے لیے ضروری ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا جائے۔ اس مقصد کے لیے شرکاء کو سیرۃ النبی ﷺ کے مختلف گوشوں کا مطالعہ کرایا جاتا ہے۔

➢ **حوالہ جات:**

1. الرحیق المختوم (صفی الرحمٰن مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ)
2. سیرۃ النبی ﷺ (علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ، سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ )
3. محسنِ انسانیت (نعیم صدیقی صاحب)

★ **مسائلِ طہارت و نماز:**

نماز دینِ اسلام کا سب سے اہم ترین رکن ہے۔ اس سے متعلق ضروری مسائل کی تعلیم شاملِ نصاب ہے۔

➢ **نصاب:**

- وضو کے مسائل / طریقہ
- غسل کے مسائل / طریقہ
- غسل میت و تکفین
- نماز کے مسائل، طریقہ اور ترجمہ
- نمازِ جنازہ

➢ **حوالہ جات:**

1. آسان فقہ: حصّہ اوّل (مولانا یوسف اصلاحی رحمۃ اللہ علیہ)
2. فقہ السنۃ: حصّہ اوّل (عاصم الحداد رحمۃ اللہ علیہ)

## ★ دینی و تحریکی لٹریچر:

مطالعہ لٹریچر میں اُن بنیادی دینی موضوعات پر لیکچرز دیئے جاتے ہیں تاکہ شرکاء پر دین کا جامع تصور واضح ہو۔ نتیجتاً اُن میں دین پر عمل اور اُس کے نفاذ کی جدوجہد کرنے کا جذبہ بیدار اور عملی اقدامات کے لیے لائحہ عمل متعین ہوسکے۔

➢ **نصاب:**

- مسلمانوں پر قرآنِ مجید کے حقوق
- اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کرنے کا اصل کام
- دینِ اسلام کا جامع تصور
- ہمارے دینی فرائض
- جہاد فی سبیل اللہ
- اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت
- اُمت مسلمہ کا عروج وزوال اور تجدیدی مساعی
- قرآن اور جہاد

➢ **حوالہ جات:**

1. مندرجہ بالا موضوعات پر کتب / آڈیو، ویڈیو کیسٹس
2. اہم دینی موضوعات (شائع کردہ انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی)

## ★ اسپیشل لیکچرز:

➢ **موضوعات**

1. فضیلتِ علم
2. سورۃ یوسف
3. سورۃ الکہف
4. سورۃ النور
5. سورۃ الاحزاب
6. ابلیس کی مجلسِ شوریٰ
7. درسِ قرآن کی تیاری
8. سفر آخرت کے مراحل
9. گھر میں دعوت کا کام کیسے؟
10. Time Management

# قواعد و ضوابط

1. قرآن فہمی کورس میں داخلہ کے لیے کم از کم تعلیمی قابلیت انٹر میڈیٹ یا مساوی ہے۔ البتہ استثنائی صورت میں کم قابلیت کے حامل طلباء کی درخواست پر بھی غور کیا جاسکتا ہے۔
2. کورس کا آغاز 20 ستمبر 2010ء بروز پیر اور اختتام 24 جون 2011ء بروز جمعہ ہو گا۔ (ان شاء اللہ)
3. تدریس کے اوقات:
   - پیر تا جمعرات: 9:00 تا 1:00 بجے دن
   - جمعہ: 9:00 تا 12:00 بجے دن
4. بلا اجازت غیر حاضر رہنے والے تاخیر سے آنے والے اور امتحانات میں غیر حاضر رہنے والے شرکاء کے خلاف تادیبی کارروائی کی جاسکتی ہے۔
5. انتظامیہ اگر محسوس کرے کہ کوئی شریک کورس میں سنجیدہ نہیں یا اُس کا طرزِ عمل ادارے کے لیے نقصان دہ ہے تو اُس کا نام کورس سے خارج کیا جاسکے گا۔
6. کامیابی کی سند صرف اُن طلباء و طالبات کو دی جائے گی جن کی حاضری کم از کم 70 فیصد ہو اور انہوں نے ہر مضمون کے امتحان میں کم از کم 40 فی صد نمبر حاصل کیے ہوں۔
7. شرکاء ماہانہ فیس ہر ماہ کی دس تاریخ تک ادا کرنے کا اہتمام کریں۔

# فیس

طلباء و طالبات سے تدریسی اخراجات کے ضمن میں مناسب فیس وصول کی جائے گی۔
نوٹ: مستحق طلباء کے لیے فیس میں رعایت کی گنجائش موجود ہے۔

# مقامات

1. قرآن اکیڈمی، خیابانِ راحت، درخشاں، ڈیفنس فیز VI، کراچی۔ فون: 4-35340022
2. قرآن اکیڈمی یاسین آباد، بلاک - 9، فیڈرل بی ایریا۔ فون: 36806561
3. قرآن مرکز گلستان جوہر، سالکین بسیرا، بلاک 14۔ فون: 34255995,35470016